


سلسلہ مطبوعات نمبر ۱۵

منتخب سرائیکی کلام

حضرت سچل سرمست رحمتہ اللہ علیہ

مع تعارف
بزبان انگریزی

ڈاکٹر کرسٹوفر شیکل لندن یونیورسٹی

ترتیب و تہذیب

محمد اسلم رسولپوری

بزم ثقافت ملتان

۴۔ محلہ مائی مہربان، چوک فوارہ

بارِ اوّل ۱۹۷۷ء

تعداد چار سَو

ناشر عمر کمال خان سیکرٹری بزم ثقافت ملتان

کتابت اعجاز قلم ۔ ڈیرہ غازیخان

قیمت 150/- روپے

(امروز پرنٹنگ پریس ملتان)

فہرست

پیش لفظ

حضرت سچل سرمست علیہ رحمتہ جہاں صاحب عرفان ولی اور اقلیم سخن کے تاجدار تھے وہاں وہ سرائیکی زبان کے عظیم محسن تھے انہوں نے اٹھارویں صدی کے وسط میں وجد و مستی سے سرشار ہو کر سرائیکی زبان میں لازوال شاعری کی ہے، اور سرائیکی زبان کو زندہ و تابندہ کر دیا ہے ان کے کلام کی ماہیت معلوم کرنے کے لئے ان کے فارسی کے اس مصرع کو مدنظر رکھنا چاہیئے

ع جز درد نہ قصہ ما شنیدم

لیکن صوبہ سندھ کے سرائیکی عوام کے علاوہ پاکستان کے دوسرے صوبوں کے سرائیکی عوام اور اردو داں طبقہ ان کے سوز و گداز اور درد بھرے سرائیکی کلام سے رسم الخط کی مشکلات کی وجہ سے بالکل بے بہرہ تھا اس گم گشتہ گنجینہ کیف و مستی جذب و جلال و جذب بے خودی اور حال و قال کو پاکستان کے تین کروڑ سرائیکی عوام تک پہنچانے کا بیڑا بزم ثقافت ملتان نے اٹھایا ہے

حضرت سچل سرمست علیہ رحمتہ اور سندھ کے دوسرے عظیم سرائیکی شعرا جن کے دم سے سرائیکی زبان آج تک زندہ و تابندہ ہے کے کلام کو اردو سرائیکی رسم الخط میں منتقل کرنے کے لئے سب سے پہلے حضرت سچل سرمست علیہ رحمتہ کے کلام سے آغاز کیا جا رہا ہے، اس سلسلہ میں جناب محمد اسلم رسولپوری جو سرائیکی حلقوں میں جانے پہچانے دانشور ہیں نے محنت شاقہ کر کے انتخاب کلام حضرت سچل سرمست مع سوانح و معنیات تشریحات اردو سرائیکی رسم الخط میں آپ کی خدمت میں پیش کیا ہے،

ع۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف

اس انتخاب کلام میں مزید اضافہ کے لئے انگریزی داں طبقہ کی سہولت کے لئے حضرت سچل سرمست کی شاعری پر ایک مبسوط تعارف لندن یونیورسٹی کے پروفیسر اور سرائیکی زبان کے مشہور محقق و سرائیکی گرامر کے مصنف جناب ڈاکٹر کرسٹوفر شیکل نے تحریر کیا ہے، جو اس انتخاب میں شامل کر دیا گیا ہے ڈاکٹر شیکل نے جس تھوڑے سے وقت میں ہماری استدعا پر یہ مقالہ تحریر کیا ہے اس پر ادارہ ان کا تہ دل سے ممنون ہے ہم اپنی اس کاوش پر قارئین کی رائے کے منتظر رہیں گے

آپ کا۔ عمر کمال خان سیکرٹری بزم ثقافت ملتان۔

عرضِ حال

بزمِ ثقافت کے سکریٹری جنرل خان عمر کمال خان کی فرمائش پر جب میں نے حضرت سچل سرمستؒ کے سرائیکی کلام کے انتخاب کو ترتیب دینے کا پروگرام بنایا۔ تو سب سے پہلے میرے سامنے یہ سوال آیا کہ میں حضرت سچل سرمستؒ کے سرائیکی کلام کے کون سے مجموعے کو سامنے رکھوں۔ تاکہ ایک معیاری قسم کا انتخاب پیش کیا جا سکے۔

حضرت سچل سرمستؒ کے سرائیکی کلام کے کئی مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ لیکن میرے نزدیک حکیم محمد صادق رانی پوری (وفات ۱۹۹۱ء) کا ترتیب دیا ہوا مجموعہ نسبتاً معتبر ہے۔ اس لئے زیادہ تر میں نے اسے سامنے رکھا۔

حضرت سچل سرمستؒ کے سرائیکی کلام کو سب سے پہلے مرزا علی قلی بیگ (وفات ۱۹۱۲ء) نے آپ کی وفات کے تقریباً ۵۷ سال بعد لوگوں سے سن کر ترتیب دیا۔ اور پھر لاہور سے شائع کیا۔

اس کے بعد اکثر مجموعے زیادہ تر اس پہلے مجموعے کی روشنی میں ترتیب دیئے گئے جس کی وجہ سے ان سب میں عام طور پر وہ کمزوریاں پائی جاتی ہیں۔ جو پہلے مجموعے میں ہیں۔ ان کمزوریوں میں سب سے بڑی کمزوری غیر موزونئ کلام ہے۔

اگرچہ اس سلسلے میں میں نے صوبہ سندھ کا سفر بھی کیا۔ اور وہاں مجھے ایسے لوگ بھی ملے جنہیں حضرت سچل سرمستؒ کے کلام کا کچھ حصہ زبانی یاد ہے۔ لیکن ان کے یاد کئے ہوئے حصے میں بھی وزن کی کمی بیشی کا عیب پایا جاتا ہے۔

اس لئے میں نے حکیم محمد صادق رانی پوری کے مرتبہ مجموعے کے ساتھ اس کلام سے بھی فائدہ اٹھایا ہے۔ جو میں وہاں سے لکھ کر لایا تھا۔ اور مجھے جہاں جو

مناسب معلوم ہوا ہے۔ اسے اپنے انتخاب میں شامل کیا ہے۔ تاکہ غیر موزونی کلام کے عیب کو حتی الامکان دور کیا جا سکے۔

میں نے اگرچہ اس مجموعے کو سرائیکی شعراء کے عام دواوین کے مطابق ترتیب دیا ہے۔ لیکن ہر کافی کے آخر میں سُر بھی درج کر دی ہے۔ تاکہ اس قسم کی کوئی تشنگی باقی نہ رہے۔

حضرت سچل سرمستؒ کی زندگی اور شاعری کے بارے میں ایک مضمون بھی شامل کر دیا گیا ہے۔ اور ضرورت کے مطابق آخر میں فرہنگ بھی دے دی گئی ہے۔ مشکل الفاظ کے معانی بھی حاشیے میں دے دیئے گئے ہیں۔

سرائیکی زبان کے کچھ مخصوص اضافی حروف بھی ہیں۔ جو اکثر جگہ مستعمل ہوئے ہیں۔ اس لئے انہیں یہاں درج کیا جاتا ہے۔ تاکہ قارئین کو پڑھنے میں کسی قسم کی دقت نہ ہو۔

ٻ - ٻال بمعنی بچہ
ڄ - ڄنگھ بمعنی ٹانگ
ڈ - ڈٹھا بمعنی دیکھا
ڳ - ڳنوں بمعنی گائے
ݨ - پاݨی بمعنی پانی

ڈاکٹر مہر عبدالحق صاحب کا خیال تھا کہ نقطوں کی بجائے دائروں کا استعمال عمل میں لایا جائے۔ لیکن بزم ثقافت کا اپنا طے شدہ رسم الخط موجود ہے۔ اس لئے یہاں اسی پر عمل کیا جائے گا۔

امید ہے قارئین اس مجموعے کے بارے میں مجھے اپنی آراء سے آگاہ فرمائیں گے

محمد اسلم رسولپوری

حضرت سچل سرمستؒ کی زندگی اور شاعری

شجرۂ نسب حضرت سچل سرمستؒ خلیفۂ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہیں۔ آپ کا شجرۂ نسب یوں ہے۔

حافظ عبدالوہاب سچل بن صلاح الدین بن محمد حافظ عرف صاحبڈنہ بن عبدالوہاب بن محمد حافظ بن عبدالوہاب بن شرف الدین بن موسیٰ بن حافظ علم الدین بن شہاب الدین بن سلیمان بن ابو سعید بن نور الدین بن محمود بن ابو الفتح بن محمد اسماعیل بن محمد یوسف بن سلیمان بن محمد بن احمد بن برہان الدین بن عبدالعزیز بن عبدالوہاب بن عبد المطلب بن برہان الدین بن احمد بن عبداللہ بن یونس بن محمد بن اسحاق بن عبداللطیف بن محمد باقر بن محمد بن شہاب الدین بن عبدالعزیز بن عبداللہ بن عمر فاروق رضی اللہ عنہٗ۔

سندھ میں آمد حضرت سچل سرمستؒ کے خاندان کے بزرگ شہاب الدین محمد بن قاسم کے ہمراہ سندھ وارد ہوئے۔ سندھ کی فتح کے بعد محمد بن قاسم نے انہیں سیون (ضلع دادو) کے علاقے میں حاکم مقرر کردیا۔ ان کا مزار آج بھی وہیں موجود ہے۔ اس خاندان کے ایک بزرگ ابو سعید وہاں سے ہجرت کرکے رانی پور کے قریب آ آباد ہوئے۔ اس خاندان کے ایک دوسرے بزرگ جناب احمد ٹالپور حکمرانوں کے ملازم رہے۔ اور ٹالپوروں نے انہیں گمبٹ اور رانی پور کے درمیان کچھ زمین بھی عطا کی۔ جس کا انتظام اس خاندان کے ایک ملازم درازا کے سپرد تھا۔ اس لئے حضرت سچل سرمستؒ کا قصبہ بھی اُن کے نام سے موسوم ہوگیا۔

پیری مریدی کا سلسلہ

حضرت سچل سرمستؒ کے خاندان میں پیری مریدی کا سلسلہ آپ کے دادے حضرت محمد حافظ المعروف صاحبڈنہ سے شروع ہوا۔ اور یہی بزرگ خانقاہ درازیہ کے بانی ہیں۔

سچل سرمست کی پیدائش

حضرت سچل سرمستؒ ۱۱۵۲ھ (۱۷۳۹ء) میں حضرت صلاح الدین کے گھر دراز میں پیدا ہوئے۔ آپ کا نام عبدالوہاب رکھا گیا۔ بچپن ہی سے سچ بولنے کی وجہ سے آپ کو سچل یا سچو کہا جاتا تھا۔ آپ کی پرورش زیادہ تر آپ کے چچا حضرت عبدالحق صاحب کے ہاتھوں ہوئی۔ ایک دفعہ حضرت عبدالحقؒ نے سچل کو حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی کی خدمت میں پیش کیا۔ تو شاہ صاحب نے فرمایا۔ "ہم نے جو دیگ چڑھائی ہے۔ اس کا ڈھکنا سچل اٹھائے گا۔"

بچپن اور جوانی

حضرت سچل سرمستؒ بچپن میں بہت کم بولتے تھے۔ اور اکثر اوقات اکیلے رہتے تھے۔ جنگلوں میں پھرتے رہنا آپؒ کی خاص عادت تھی۔ سچل سرمستؒ نماز روزے کے بڑے پابند تھے۔ اور ہر وقت ورد و وظائف میں مشغول رہتے تھے۔ جب آپ کی عمر پچاس سال کے قریب ہوئی تو آپ پر مستی اور استغراق کی حالت چھا گئی۔ اس کا ذکر آپ نے اپنی ایک فارسی نظم میں بھی کیا ہے۔

جوانی میں آپ کی صحت قابلِ رشک تھی۔ حقہ۔ چلم۔ بھنگ۔ شراب اور دوسری نشہ آور چیزوں سے پرہیز کرتے تھے۔ لیکن جو لوگ یہ نشہ کرتے ان پر غصہ کا اظہار بھی نہ کرتے تھے۔

حضرت سچل سرمستؒ کو دولت سے رغبت نہیں تھی۔ جو کچھ ملتا وہ سب غریبوں اور ضرورت مندوں میں تقسیم کر دیتے تھے۔ اکثر اوقات آپ غمناک رہتے تھے۔ اور بہت کم مسکراتے تھے۔

آپ کی جوانی کا ایک واقعہ مشہور ہے کہ ایک دفعہ آپ گھوڑے پر سوار کہیں جا رہے تھے۔ کہ راستے میں ایک آدمی ملا۔ جو ہیں لئے جا رہا تھا۔ حضرت سچل سرمستؒ نے اس سے پوچھا تمہارا نام کیا ہے؟ اُس نے جواب دیا۔ "محبوب"۔ آپ نے پھر پوچھا "کدھر جا

رہے ہو۔ بولا "مستی" (گاؤں کا نام) کی طرف۔ اس پر آپ نے دریافت فرمایا "کس کے پاس"۔ بولا "محبت" کے پاس۔ یہ سُن کر حضرت سچل سرمستؒ پر وجد کی کیفیت طاری ہوگئی۔ اور آپ جھوم جھوم کر کہنے لگے۔ "سبحان اللہ! سبحان اللہ۔ محبوب محبت اور مستی کی طرف جا رہا ہے"۔ آپ فوراً گھوڑے سے اُتر پڑے۔ اور اس آدمی کو سوار کر دیا۔ پھر اس کا بیل خود پکڑ کر پیدل چل پڑے۔ اور سارا راستہ کہتے گئے۔ "واہ واہ! سبحان اللہ! محبوب مستی اور محبت کی طرف جا رہا ہے"۔ آخر آپ دَرازا پہنچ گئے۔ اور وہاں اپنے نوکر سے کہا کہ اس آدمی اور اس کے بیل کو محبت کے پاس پہنچا آؤ۔ اس کے ساتھ آپ نے اپنا گھوڑا بھی اس شخص کو بخش دیا۔

شادی

حضرت سچل سرمستؒ کی شادی آپ کے چچا اور مرشد حضرت عبدالحقؒ کی لڑکی سے ہوئی۔ جس سے ایک بیٹا نیاز علی (یا موجود علی) پیدا ہوا۔ لیکن چھوٹی عمر میں فوت ہوگیا۔

بیعت

حضرت سچل سرمستؒ نے اپنے چچا حضرت عبدالحقؒ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ حضرت عبدالحقؒ کا سلسلہ قادری تھا۔ اور حضرت شیخ عبیداللہ جیلانیؒ[1] کے واسطے سے شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے جا ملتا تھا۔

سفر

حضرت سچل سرمستؒ زندگی بھر سندھ سے باہر نہ گئے۔ البتہ ایک دفعہ سکھر۔ روہڑی۔ شکارپور اور لاڑکانے تک سفر ضرور کیا۔ ان دنوں اِن علاقے میں آپ کی بزرگی اور سخنوری کی بڑی شہرت پھیلی ہوئی تھی۔ وہاں آپ نے فقیر محمد صالحؒ کو اپنا مرید کیا اور اپنے دوسرے معتقدین کے علاوہ سرائیکی کے مشہور شاعر قادربخش بیدلؔ اور عثمان فقیر سے ملاقات بھی کی۔

ٹالپور حکمرانوں سے تعلق

ٹالپور حکمران شیعہ مسلک سے تعلق رکھتے تھے۔ اور حضرت سچل سرمستؒ سنی العقیدہ تھے اور اس کے ساتھ ساتھ فاروقی بھی تھے۔ لیکن ٹالپور حکمران اس خاندان کے بزرگوں کے بڑے معتقد تھے اور حضرت سچل سرمستؒ کی بھی بہت قدر کرتے تھے۔ خانقاہ درازیہ

[1] پروفیسر عطا محمد حامی کی تحقیق کے مطابق عبیداللہ جیلانی کا سندھ میں آنا ثابت نہیں ہوتا۔
(سچل سرمست از رشید احمد لاشاری)

پر پہلا مقبرہ میر سہراب خان والیٔ خیر پور نے ۱۲۲۵ھ میں بنوایا۔

وصال

حضرت سچل سرمستؒ کی صحت عام طور پر درست رہتی تھی۔ کبھی کبھی معمولی طور پر بیمار بھی ہوتے تھے۔ ایک دفعہ آپ کچھ زیادہ بیمار ہوگئے۔ حضرت سخی قبول محمد بن حضرت عبدالحق صاحب کو حضرت سچل سرمست کی حسن پرستی کا علم تھا۔ انہوں نے میر رستم خان سے کہا کہ آپ کچھ گانے والیاں بھیجیں۔ جب گانے والیاں پہنچیں۔ تو حضرت سچل سرمستؒ کو بہت خوشی ہوئی۔ آپ اٹھ بیٹھے۔ گانے سننے پر آپ کو وجد آگیا۔ اور پھر آہستہ آہستہ رو بصحت ہوگئے۔

ایک دوسری دفعہ بیماری کے دوران لاڑکانے کی ایک گانے والی آئی تو حضرت سچل سرمستؒ نے اسے دیکھ کر فرمایا۔

"بسم اللہ! ہمارا طبیب آیا۔ ہمارا حکیم آیا"

آپ کا وصال ۱۸۲۶ء (۱۴۔ رمضان المبارک ۱۲۴۲ ہجری) کو نوے سال کی عمر میں ہوا۔ مختلف لوگوں نے آپ کی تاریخ وفات نکالی۔ جن میں سندھی اور سرائیکی کے معروف شاعر قادر بخش بیدل بھی ہیں۔ "پرغم" سے بھی آپ کا سنِ وفات نکلتا ہے۔

حلیہ

حضرت سچل سرمستؒ کا جسم سیدھا اور قد درمیانہ تھا۔ رنگ صاف بادام کی طرح تھا۔ نقوش بڑے خوبصورت تھے۔ آنکھیں بڑی تھیں۔ بال لمبے رکھا کرتے تھے۔ لباس سفید پہنتے تھے۔ کبھی کبھی ننگے پاؤں بھی پھرتے رہتے تھے۔ ہاتھ میں اکثر سوٹی اور تنبورا ہوتا تھا۔

خوراک

حضرت سچل سرمستؒ کی خوراک بہت سادہ ہوتی تھی۔ آپ اکثر روزے سے رہتے تھے۔ جب روزہ نہ ہوتا چھاچھ میں مرچیں اور روٹی ملا کر نوش فرمایا کرتے تھے۔

آپ عموماً تخت پوش یا زمین پر دری بچھا کر سویا کرتے تھے۔ لیکن رات کا زیادہ تر وقت مراقبے اور ذکر و فکر میں کٹتا تھا۔

نظریات

حضرت سچل سرمستؒ سنی العقیدہ مسلمان تھے اور تصوف کا یہی

سلسلہ سے وابستہ تھے۔ آپ کے نظریات میں وحدت الوجود کو مرکزی حیثیت حاصل تھی۔ آپ رواداری اور انسان دوستی پر ایمان رکھتے تھے۔ آپ نے اپنے ان نظریات کا اظہار فارسی اردو سندھی اور سرائیکی کلام میں بڑی وضاحت اور جرأت سے کیا ہے۔

حضرت سچل سرمستؒ وحدت الوجود کے اظہار میں اتنے بے باک تھے۔ کہ نام نہاد علماء نے آپ پر کفر کا فتویٰ عائد کر دیا۔ لیکن وہ ٹالپور حکمرانوں کی وجہ سے آپ کا کچھ بگاڑ نہ سکے۔ وحدت الوجودی نظریات کے سرگرم مبلغ ہونے کی وجہ سے آپ کو عام طور پر منصور ثانی کے لقب سے بھی یاد کیا جاتا ہے

موسیقی سے دلچسپی

حضرت سچل سرمستؒ کو موسیقی سے بڑی دلچسپی تھی۔ اکثر اوقات تنبورا آپ کے ہاتھ میں رہتا تھا۔ آپ بعض اوقات بیماری میں راگ سُن کر صحت مند ہو گئے۔ آپ صرف موسیقی سننے کے مشتاق نہ تھے۔ بلکہ اس فن سے گہری واقفیت بھی رکھتے تھے۔

تصانیف

حضرت سچل سرمست اگرچہ زیادہ تر ذکر و فکر اور مراقبے میں میں رہنے والے انسان تھے۔ لیکن آپ نے بہت سی تصانیف بطورِ یادگار بھی چھوڑیں۔ سندھی کلام میں آپ کے ابیات، کافیاں ڈوہڑے، مرغ نامہ۔ وحدت نامہ۔ قتل نامہ اور مرثیے شامل ہیں۔ اردو میں تقریباً پچاس غزلیں ہیں۔ فارسی میں دیوانِ آشکارا (حضرت سچل سرمست فارسی میں آشکارا اور خدائی تخلص کرتے تھے) مثنویاں (راز نامہ، وحدت نامہ، رہبر نامہ۔ گداز نامہ، وصلت نامہ، عشق نامہ، ساقی نامہ۔ تار نامہ) شامل ہیں۔

آپ کے سرائیکی کلام میں ڈوہڑے، کافیاں۔ سی حرفیاں اور نظم گھڑولی ملتی ہے

سرائیکی شاعری

حضرت سچل سرمستؒ ایک فطری شاعر تھے۔ آپ نے شاعری میں نہ کسی کی شاگردی اختیار کی اور نہ کسی قسم کی

اصلاح لی۔ چونکہ آپ کی طبع موزوں تھی۔ اس لئے آپ نے سرائیکی کے علاوہ۔ فارسی اردو اور سندھی میں بھی شعر کہے ہیں۔ آپ سرائیکی شعر عموماً حالتِ وجد میں کہتے تھے جنہیں آپ کے مرید لکھتے رہتے تھے۔ آپ کی وفات کے بعد آپ کے اشعار کو گنا گیا۔ تو ایک روایت کے مطابق نولاکھ چھیا سٹھ ہزار چھے سو چھے شعر اردو کا پتا ہوئیں حالانکہ اسی روایت کے مطابق بہت سے اشعار ضائع بھی ہو چکے تھے۔

بعض روایات کے مطابق آپ نے آخری عمر میں اپنا تمام کلام (بعض کے خیال میں صرف شطحیات) کو نذرِ آتش کردیا تھا۔

آپ کا سرائیکی کلام آپ کی وفات کے ۵۷ سال بعد کسی قلمی نسخے کی بجائے لوگوں سے سن کر جمع کیا گیا تھا۔ یہی وجہ ہے۔ کہ اس میں اکثر جگہ عروض کی غلطیاں پائی جاتی ہیں۔

سرائیکی کلام میں حضرت سچل سرمستؒ نے ڈوہڑے، کافیاں، سی حرفیاں اور نظم گھڑولی کہی ہے۔ میں نے اس سارے کلام میں سے ایک رواں اور پسندیدہ قسم کا مختصر انتخاب ترتیب دیا ہے۔ جو تقریباً مختلف اصنافِ شعر پر مبنی ہے۔

حضرت سچل سرمستؒ کے کلام کی فنی اور نظریاتی خصوصیات کے بارے میں تفصیلی طور پر کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ اگلے صفحات کے مطالعہ سے قاری خود اندازہ کرے گا۔ لیکن پھر بھی مختصراً اس سلسلے میں کچھ عرض کردیا جائے تو بہتر رہے گا۔

نظریاتی خصوصیات

حضرت سچل سرمستؒ کی نظریاتی شاعری میں زیادہ تر آپ کی مذہبی شاعری آتی ہے جس کا تعلق تصوف سے ہے۔ تصوف میں عشقِ مرشد۔ عشقِ رسولﷺ اور عشقِ الٰہی کے علاوہ وحدت الوجودی خیالات کا بھی بھرپور اظہار ملتا ہے۔ بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ آپ کے کلام کی دو تہائی وحدت الوجودی خیالات پر مبنی ہے تو غلط نہ ہوگا۔

عشقِ مرشد

حضرت سچل سرمستؒ کے نزدیک بھی دوسرے صوفیاء کرام کی طرح مرشد کا مقام بہت بلند ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ نے اپنے کلام میں بار بار مرشد کی محبت کا ذکر کیا ہے۔ ایک جگہ کہتے ہیں ؎

ہادی مہدی مرشد میڈا قادریہ ہے کامل
عارف عبدالحق ہردم نال مریداں شامل
مہدی شاہ مُرتی میڈا رہبر راہ ڈسیندا
حق محقق مستی مئے دی بے شک او بخشیندا

ع حق ہے اہو تاشک نہیں لا شک جانی برحق ہی
میں جاتا ساگی وو جاتا سوئی میڈا ہادی عبدالحق ہی

عشقِ رسولؐ

مرشد کی محبت کے ساتھ ساتھ رسولِ اکرم کا عشق بھی سلوک کے مرحلوں میں ایک اہم مقام رکھتا ہے اور اس سے گزرے بغیر کوئی شخص واصل باللہ نہیں ہو سکتا۔ حضرت سچل سرمستؒ اپنے کلام میں رسولِ اکرمؐ کی محبت کا ذکر یوں کرتے ہیں۔

ع :۔ نہ مخلوق ہیڈ یجے اوں کوں رنگ سمورا ربی

عشقِ الٰہی

عشقِ الٰہی سلوک کی آخری منزل ہے۔ ایک صوفی جس وقت فنا فی اللہ کے مقام پر پہنچتا ہے۔ تو اسے اپنے سوا اور کوئی نظر نہیں آتا، یہی وجہ ہے کہ حسین بن منصور حلاج نے " اناالحق " کا نعرہ بلند کیا۔ بایزید بسطامی نے سبحانی ما اعظم شانی " کا ورد کیا اور جُنید بغدادیؒ نے دروازے پر کھڑے ہوئے مہمان کو مکان میں سے جواب دیا۔ " گھر میں سوائے خدا کے کوئی موجود نہیں "۔

؎ نہ کوئی آدم نہ کوئی شیطانؑ ؛ بن گئی وے کل کوڑ کہانی

حضرت سچل سرمستؒ کہتے ہیں ؎

نہ وت شیخ مشائخ یارو نہ مخدوم تھیو سے
نہ قاضی نہ معلم ملّا نہ وت پیر بنیو سے
بازی جوڑ نہ عالم کیتے رنگ رسا رکھیو سے
سچلؔ عشق اللہ دے باجھوں کوئی نہ ہنر سکھیو سے

نہ میں تسبیح کڑکا کیتا نہ میں زہد عبادت
نہ میں زیر زبر دا کیتا نہ میں تقوے طاعت
سچل دا بھتیا بخت سوایا جو کیتی عشق امانت

میں خدا خدائی اپنی خود وچ آ بیوسے
لے سہہ حسن اساڈا ہویا جنھاں وچ آ کھڑیوسے
چار مکان رہے وچ کتھاں کتھ مکان کتو سے
لامکان مکان اساڈا سچل نام گیوسے

وحدت الوجود

عشق الٰہی کے سلسلے میں حضرت سچل سرمستؒ کا جو آخری ڈوہڑا پیش کیا گیا ہے۔ وہ اگرچہ وحدت الوجود کے خیالات کا پورا پورا عکاس ہے۔ لیکن مزید وضاحت کے لئے میں یہاں ایک دو اور ڈوہڑے بھی پیش کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔

آپ کوں آپ کتوسے ہر کہیں صورت وچ سیلانی
ہر کئی صورت ساڈی آہی تھیوسے لامکانی
کفر نہ کو اسلام رہیوسے لتھا راہ حیرانی
سچل نام ہویا گم اتھاں سارا سر سبحانی

بیع کنڈا ہیں موں نہ ڈیکھے پاک پلیتاں جا ہیں
ہر ہک جا پر تو تہیں دا تیکوں آکھ سنڑائیں
سچل ہر کہیں شئے وچ اینویں سیر کریندا سائیں

ہیر رانجھے کے قصے میں بھی حضرت سچل سرمستؒ نے وحدت الوجودی نظریے کو پیش کیا ہے۔ اس قصے کے خاتمے پر فرماتے ہیں ؎

ہکو سائیں سبھ کہیں صورت واہ جو سیل کریندا
کتھے ہیر کتھے وت رانجھو کھیڑا کتھ سڈیندا
طلسم ہی تحقیق سبھو ہے میں کنوں لگا لبھ پچھیندا
بحر راہیں دیاں سبھ بن لہریاں، عشق والے دے سرتے ٹھہریاں

اس کے علاوہ آپ نے کافیوں میں بھی ہیر رانجھے کو صوفیانہ خیالات کے اظہار میں علامات کے طور پر استعمال کیا ہے ؎

رانجھو کھیڑا ڈوہیں میں ہاں ہیر رہی وچ کتھے کتھے
جھنگ سیال تے تخت ہزارہ ڈوہیں ڈٹھم راتھے اتھے
اساں ہیوں سے وِنج اتھاہیں تاں نہ کہیں دا تتھے تتھے!
گم ہوئی بھی ہیر اتھاہیں موزح ڈوڑھی آہی جتھے جتھے
سچو صاحب ہکو آہا وال نہ کائی وتھے وتھے

یہاں وحدت الوجود کے بارے میں اس تاریخی حقیقت کو جان لینا ضروری ہے کہ یہ نظریہ ان دنوں زیادہ مقبول ہوتا ہے۔ جب سیاسی اور سماجی طور پر ملکی حالت دگرگوں ہو رہی ہو اور لوگ مایوسی کا شکار ہو رہے ہوں۔ حضرت سچل سرمستؒ کے زمانے میں بھی سندھ سیاسی طور پر انتشار کا شکار تھا۔ میر مدو خان پٹھان کی خونریزی، کلہوڑا خاندان کا زوال اور اس کے علاوہ اس وقت کی بعض معزز شخصیتوں مثلاً شاہ عنایت جھوک والے۔ مخدوم عبدالرحمٰن کلہوڑائی - میر بہرام خان - میر صوبدار خانؒ میاں سرفراز اور میاں بجار خان کا پرفریب قتل اور پھر ہندوستان میں مسلمانوں کی کمزور سیاسی پوزیشن کی وجہ سے انگریزوں کی پیش قدمی سے جس قسم کی مایوسی پیدا ہو رہی تھی۔ وہ ذہین لوگوں کو زندگی سے بیزاری خانقاہی نظام کے سکون اور وحدت الوجود کے نظریے میں پناہ لینے کی دعوت دے رہے تھے - یہی وجہ ہے کہ حضرت سچل سرمستؒ نے ساری عمر اس نظریے کو سینے سے لگائے رکھا۔

البتہ اس نظریئے کو اپنانے سے جو مذہبی رواداری، انسان دوستی، خودی کا مثبت تصور، منزلیں سر کرنے کا جذبہ، رجائیت پسندی اور مذہبی بدعتوں کے خلاف منصوری نعرہ ایسی خصوصیات پیدا ہوتی ہیں۔ وہ سماج میں پیدا ہونے والی زہر آلود سوچوں کے خلاف تریاق کا کام دیتی رہتی ہیں۔

(۱) مُلّائیت سے بیزاری

مُلّا اور صوفی کی جنگ ہر دور میں رہی ہے۔ مُلّا کو شرعی علم پر ناز رہتا ہے اور صوفیائے کرام طریقت کے اسرار و رموز کی واقفیت کے دعویدار ہوتے ہیں۔ صوفیائے کرام کو عموماً مُلّا کی ترقی دشمنی، تنگ نظری، مذہبی ٹھیکیداری اور حرص و آز سے نفرت رہی ہے۔ حضرت سچل سرمستؒ بھی دوسرے صوفیا کی طرح مُلّا کی ظاہر داری اور مذہبی کاروبار کا بُری طرح مذاق اُڑاتے ہیں ؎

مسجد دے وِچ کان ٹھکر دے ڈیون بانگ صلواتاں
منہن چیبے ڈاڑھی ڈِنگی خام پڑھن خلواتاں
عالم لیکھے روزے رکھدے کھاوڑ دیاں آفاتاں
سچل راہ نہ لہا پیہ دی برہ والیاں بیاں باتاں

تسبیح اور وظائف کی اوٹ میں مُلّا کی مکاری کو حضرت سچل سرمستؒ خوب پہچانتے ہیں اور ان کے ہر نئے سبق کو عالم انسانیت کے لئے رجعت پرستی کا درس سمجھتے ہیں ؎

بکھ کر ورد وظیفہ اگوں جھنڈ جھنڈ بہوں کرینددے
مسجد وِچ مراقبہ کر کے مکھیاں ڈیکھ مرینددے
سچی گالھ ہادی دے اتے نہ اعتبار کرینددے
رجعت کاڻ دنیا دی سچل نویں سبق پڑھینددے

(۲) مذہبی رواداری

صوفیائے کرام نے ہمیشہ مذہبی رواداری سے کام لیا ہے

ملا کی طرح انہوں نے کبھی کفر اور اسلام کی جنگ کا نعرہ بلند نہیں کیا۔ بلکہ ہر ممکن کوشش کی ہے۔ کہ ان جھگڑوں سے بالاتر رہ کر انسان کی خدمت کی جائے ۔

عشق جنھاں کوں غمزہ لایا اُسے کتاب نہ پڑھسن
وِچ کفر اسلام مذاہب عاشق مول نہ اُڑبسن
مار نعتارا حق دا سچل سُولی سر آ چڑھسن!

مُلّاؤں نے اکثر دوسرے صوفیائے کرام کی طرح حضرت سچل سرمستؒ پر بھی کفر کا فتویٰ عائد کیا تھا حضرت سچل سرمستؒ نے ملاؤں کے اس فعل کو کوئی اہمیت نہ دی۔ بلکہ وحدت عالم پر نظر رکھتے ہوئے کفر و اسلام کے جھگڑے کو لفظی تنازعہ سمجھا ۔

الا اللہ نال رل پئی اہا لا وت کیڈے لاہیوں
فرعونی منصوری ہکا سچل حرف کیر ھے کوں ڈاہیوں

(iii) انسان دوستی

وحدت الوجود نے جس طرح صوفیائے کرام کو مذہبی رواداری کا درس دیا ہے۔ اس طرح انہوں نے انسان دوستی کا بھی پیغام پہنچایا ہے۔ بلکہ مذہبی رواداری دراصل انسان دوستی کا ہی ثمر ہے۔

حضرت سچل سرمستؒ انسان دوستی کے نہ صرف حامی بلکہ زبردست علمبردار ہیں ۔ انھیں ہر انسان میں خدا کا جلوہ نظر آتا ہے۔ اس لئے ان کے نزدیک ہر بشر واجب التعظیم ہے ۔

بیسح کڈاہیں مول نہ ڈیکھن پاک پلیتاں جاہیں
ہر یک جا پر تو تہیں داتکیوں آکھ سنائیں
سچل ہر کہیں شے وِچ اینویں ۔ سیر کریندا سائیں

حضرت سچل سرمستؒ انسانوں میں ان کے ملک و قوم یا رنگ و نسل کی بنیاد پر فرق مراتب کو ملحوظ نہیں رکھتے ۔

نہ وت ہندی سندھی شامی نہ وت زنگی رومی
سچل کتھ نہیں کوئی پیدا ہویا وِچ معدومی

اور نہ وہ انسان کو مذہبی فرقوں میں بانٹتے ہیں ! ع

نہ میں شیعہ نہ میں سُنی نہیں دُوہ ثواب

اُن کے نزدیک سب انسانوں کا مقام برابر ہے ۔ ع

فرعونی منصوری ہکا سچل حرف کیڑھے کوں ڈاہیوں

(۱۷) خودی کا مثبت تصور

کچھ لوگوں کا خیال ہے ۔ کہ صوفیائے کرام نے نفئ خودی کی تلقین کی ہے ۔ ان کے خیال میں برصغیر میں اقبال پہلے شاعر ہیں جنہوں نے خودی کو مثبت معنوں میں لیا ہے ۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ اقبال سے بہت پہلے حضرت سچل سرمست رح خودی کی نفی کرنے کی بجائے اس کا اثبات کرتے ہیں ع

نفی سچل اثبات کریندا ، ڈیکھو سیر سپاہی دا

حضرت سچل سرمست رح خودی کی بجائے غرور کی مذمت کرتے ہیں ۔ اور اسے "وڈائی" کے لفظ سے تعبیر کرتے ہیں ۔ آپ کے نزدیک خودی کی بجائے "وڈائی" کا خاتمہ ضروری ہے

ع سچل صبر اتھاہیں کرنا ، مٹنا نام وڈائی دا

حضرت سچل سرمست رح کے نظریے کے مطابق خودی تو خود شناسی کے مترادف ہے انسان کو ہر حال میں اپنی صلاحیتوں اور عظمتوں کا شعور ہونا چاہیئے ۔ عاجزی ۔ نیازمندی اور غلامی تو انسان کو اشرف المخلوق کے درجے سے گرا دیتی ہیں ۔

او کتلا ڈینہہ غلامی وِچ وت سارا زور سلامی وِچ
کیوں آپ گھتیو ئی خامی وِچ
وت سوئی سر سلاوݨ کیا ؟ وت آپوں آپ اگھاوݨ کیا

؎ عاشق ہو کر نوبت ماریں اپنا سر صحیح سنبھاریں!

با نفپ والی گالھ وساریں

سر دے وال منا وڈ کیا وت آپ تے لوک کھلاوڑ کیا؟

حضرت سچل سرمست کے نزدیک غریبی اور انکساری تو باطل قوتوں کے خصوصیات

ہیں۔ اور بغرق کر دینے کی مستوجب ہیں۔ ؎

سچل سائیں بیج تو ڈیکھیں غرق کریں جا غربت کوں

اس سلسلے میں انہوں نے حضرت انسان کے لئے جو پیغام چھوڑا ہے۔ خواجہ فرید اسے سن کر

گھنٹوں جھومتے رہے ؎

چھوڑ گمان گدائی والا شملہ چا بدھ شاہی دا

(۷) منزلیں سر کرنے کا جذبہ

حضرت سچل سرمستؒ جیسا شاعر اور صوفی کبھی قنوطی نہیں ہو سکتا۔ ان کے ہاں انسان دوستی اور خودی

کا مثبت تصوّر جیسے اعلیٰ انسانی اقدار کا گہرا شعور موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے کلام میں جا بجا

انسان کو اپنی منزل کی طرف بڑھنے اور اسے سر کرنے کا پیام ملتا ہے ؎

دل بیر پھوتے ٹرنا ناہیں وت اینجا سودا کرنا ناہیں

وت موت کنوں وی ڈرنا ناہیں

وت بار بِرہ دا چاوڑ کیا وت در در آپ پناوڑ کیا

اپنی منزل کو سر کرنے اور اپنے مقصد کی تکمیل میں حضرت سچل سرمستؒ کے نزدیک

کسی چیز کو رکاوٹ نہیں بننے دینا چاہیئے۔

حتیٰ کہ اس سلسلے میں کفر اسلام کے جھگڑوں اور فتوؤں کے خوف سے بالاتر ہو کر

بڑھتے رہنا چاہیئے۔ اور انہیں اپنی منزل نہیں سمجھنا چاہیئے۔

دین کفر توں منزل چاویں 'ہو' بھی 'ہو' دا حکم چلاویں

وت پیر اسی در یاد ڈن کیا؟ وت گھٹی گھٹی آپ گھما دڑن کیا؟

حضرت سچل سرمستؒ کے نزدیک اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے عشق ہی وہ جذبہ ہے جو منزل تک پہنچا سکتا ہے۔ اور بالآخر عاشق صادق ہی منزل کی ان بلندیوں تک جا پہنچتا ہے۔ جہاں کسی دوسرے بشر کا گزر تک نہیں ہو سکتا۔ ؏

لوک نہ پاوڑنے جا اتھائیں عاشق وینیدے جتھاں

(۷) **رجائیت پسندی** حضرت سچل سرمستؒ کے اکثر تذکروں میں پایا جاتا ہے۔ کہ آپ زیادہ تر متبسم رہتے تھے۔ میرے خیال میں غم کی اتھاہ گہرائیاں ہی عظیم تخلیق کا باعث بنتی ہیں۔ اور پھر کوئی عظیم تخلیق قنوطیت کا درس بھی نہیں دے سکتی۔ اس لئے حضرت سچل سرمستؒ کے کلام میں رجائیت اپنی پوری توانائی کے ساتھ موجود ہے۔

ساڈے ویڑھے وسدا یار وے

حضرت سچل سرمستؒ کے کلام میں جابجا محبوب کے وصال کا تذکرہ ہے۔ اور کلام کا یہی وہ حصّہ ہے۔ جو رجائی عنصر کو اور بھی توانا بنا دیتا ہے۔

سچو آیا ملامت جانی۔ ہو یا صورت وچ لاثانی

تیڈے قدماں توں قربانی۔ مولیٰ محب ملایا ہے

بہرحال حضرت سچل سرمستؒ جیسا وحدت الوجودی جو خدا اور انسان کو دو مختلف خانوں میں نہیں بانٹتے اور دوئی کو شرک سمجھتے ہیں۔ کبھی انسانی ارتقاء کے بارے میں مایوس نہیں ہو سکتے۔ اس لئے تو آپ بالیقین فرماتے ہیں ؏

سچو صاحب ہکو آہا وال نہ کائی وتھ و تھے

اور بالآخر انہیں ہر سو محبوب کا جلوہ نظر آتا ہے ؏ جیڈے تیڈے سوہنے دا ہے سچل سجھ سنگار دے

اور پھر وصال کی منزل بھی یقیناً آنی ہوتی ہے ؏

میں تے رانجھو یک تھیو سے مست نہ ہو سے ڈوریں

آخر میں میں اپنے ان احساسات کا ذکر کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ حضرت سچل سرمست نے شاعری نام ونمود کی خاطر نہیں کی۔ بلکہ اپنے فطری جذبے سے مجبور ہو کر کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری تضیع اوقات یا تفریح طبع کے لئے نہیں بلکہ گہرے مشاہدے اور عمیق تجربات کا نچوڑ ہے۔ جو قاری کو بھی وسعت علم اور احساس حسن سے مالا مال کر دیتی ہے۔ حضرت سچل سرمست رح نے کائنات کا گہرا مشاہدہ کیا ہے اور اس کے حسن کا ادراک کر کے آئے ایسے شعری قالب میں اس خوبی سے سمویا ہے کہ قاری بھی حضرت سچل سرمست رح کے مشاہدہ کو اپنا مشاہدہ تصور کرتا ہے۔

حضرت سچل سرمست رح نے اپنے کلام میں اپنے نظریات کو بھی بڑی خوبصورتی سے پیش کیا ہے۔ اسی لئے میں انہیں پیامبر شاعر تصور کرتا ہوں۔ لیکن انہوں نے اپنے نظریات کو درجہ سوم کے کسی شاعر کی طرح اس انداز میں نظم نہیں کیا۔ جیسے کوئی اپنے خیالات کی واعظانہ انداز میں تبلیغ کر رہا ہو۔ ان کی شاعری کا مطالعہ کرتے ہوئے ہمارے سامنے ایسے خودمست انسان کا تصور ابھرتا ہے۔ جو خود کلامی میں مصروف ہو۔ اور اس خود کلامی میں اس کے اپنے نظریات اس خوبصورتی سے سامعین کے کانوں تک پہنچ رہے ہوں کہ وہ ان کے اثرات سے اپنے آپ کو نہ بچا سکے۔

حضرت سچل سرمست رح کے نظریات میں انسان دوستی، ملاازم سے نفرت، مذہبی رواداری خودی کا مثبت تصور ستاروں پر کمندیں پھینکنے کا جذبہ اور روشن مستقبل پر یقین بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ اور یہی وہ نظریات ہیں۔ جن میں آج کے استحصالی نظام کے شکنجے میں کسی ہوئی دنیا کی نجات ہے۔

فنّی خصوصیات

سادگی اور روانی حضرت سچل سرمستؒ کا سرائیکی کلام بہت سی خوبیوں کا حامل ہے۔ جن میں سادگی اور روانی کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اس کے علاوہ حضرت سچل سرمستؒ کے کلام میں مٹھاس بھی پوری شدّت کے ساتھ موجود ہے۔ کلام میں یہ خصوصیت سچل سرمستؒ کی موسیقی سے دلچسپی اور اس پر درک کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔ ملاحظہ ہو ؎

میندی لا ہتھاں کوں آندا سوہنا بانہہ گنڈ اکے
جاتو سے مشتاقاں کوں وت آیا آپ کہا کے
ڈُوہیں دستاں خون انھاں دے وچوں سرخ بڑا کے
سبھ کوں آن ڈکھالن لگا سچیں ہس الا کے

؎ دُل دل وال سو چھلّے چھلّے بھا ہیاں جوڑ کھڑا ئیں
سحر جادو منڈ ڈیکھ انھاں تے طرحیں طرح پڑھا ئیں
عشاقاں دیاں کر دلیں دوانیاں حکماں حکم بھسا ئیں
بھیجے سچل عاشق کیویں حسن دی فوج چڑھا ئیں

داخلیت اور خارجیت کا امتزاج حضرت سچل سرمستؒ کے سرائیکی کلام میں داخلیت اور خارجیت کا پورا اور خوبصورت امتزاج ملتاہے۔ آپ کے کلام میں عام طور پر وہ حصّہ جو حسن وعشق پر مبنی ہے۔ خارجیت کی بہت خوبصورت نمائندگی کرتا ہے اور عموماً ہیر رانجھا

کا حقہ داخلیت کو نمایاں کرتا ہے ۔ اس سلسلے میں حقیقہ حسن و عشق کے دو بند ملاحظہ ہوں ؎

شیر اکھیں شہ زور سوہنے دیاں برچھیاں یا تلواراں
حاکم تخت حکومت والیاں سائیں آپ سنواریاں
مارن ملک دلیں دا یارو، قابض رہن قراریاں
کتلیاں میں بادشاہیاں ڈٹھیاں سچل اتھاں اڈاریاں

سوہنیاں نال نہ حجت کائی اساں غریب نمانے
نال نزور غمازاں دے او قدر نہ ساڈا جانے
باہاں بدھ بلھیندا اگوں حکماں حکمی آنے
جے خوش تھیوسے گالھ ایں کن سچل کوں بھی بھانے

دوسری زبانوں کے الفاظ کا استعمال

حضرت سچل سرمست کے سرائیکی کلام میں عربی فارسی اور سندھی زبان کے الفاظ و اقوال کا استعمال بکثرت ملتا ہے ۔ یہ چیز صرف ان کی علمی قابلیت کو ہی ظاہر نہیں کرتی بلکہ فنی تقاضوں کے ساتھ ساتھ مشکل موضوعات کو تخلیقی کرب میں سے گزر کر بیان کرنے کی مجبوری کی بھی نشان دہی کرتی ہے ؎

نکر ایں وچ فانی تھیو سے "آہیوں یاوت ناہیوں"
آہیوں گول رہیوسے ساری توڑی آہیوں تابھی ناہیوں
الا اللہ نال رل پئی "لا" وت اینکوں کیڈے لاہیوں!
فرعونی منصوری ہکا سچل اساں حرف کیڑھے کوں ڈاہیوں

کٹ کن دھریں "دبی یسمع" "کوں "دبی یبصر" اکھیاں دے وچ آنی
"وبی ینطق" ڈٹھوں گفتار جانی جیویں برف کنوں توں جانی پانی

علامات کا استعمال

حضرت سچل سرمستؒ نے اپنے خیالات کے اظہار میں بہت سے مقامات پر علامات کا سہارا بھی لیا ہے۔ پچھلے صفحات میں جیسا کہ عرض کیا گیا ہے۔ آپ نے ہیر رانجھا کے کرداروں کو بھی اپنے صوفیانہ خیالات کے اظہار کے لئے علامات کے طور پر استعمال کیا ہے۔ اس طرح انہوں نے کئی اور علامات بھی برتی ہیں۔ مثلاً لفظ "مئے" کو بھی انہوں نے اپنے مخصوص صوفیانہ معنی میں استعمال کیا ہے ؎

قاضی ئیں بیج آکھاں تیکوں چھوڑ مسیت مُصَلّا
آ پیوں ہتکا سُرکی مئے دی مول نہ بھتیویں مُلّا
سچلؔ جنھاں حق حاصل ناہیں راہ کنوں او بُھلّا

قاضی چھوڑ کتاباں پیویں مئے دی ہک پیالی
پاک تھیں وِچ قاضی بھتیویں مستاں مست موالی
سچلؔ سبق وسار کراہیں ہوویں محبت والی

ان کے علاوہ انہوں نے بعض جگہوں پر جدید قسم کی ترکیبات بھی برتی ہیں یا تو آجکل استعمال کی جارہی ہیں یا کی جا سکتی ہیں

ع آتوں تُوں پیارا انگڑ اساڈے "حرف ہجر دا" ٹالیں

ع انگڑ اساڈے آتوں دلبر "ورق وچھوڑے دا" وال

ع ڈِتی ہُن استاد ازل دے ہتھ "طلب دی تختی"

سچل کا دوسرے شعراء پر اثر

حضرت سچل سرمستؒ کی شاعری کا اثر کئی دوسرے شاعروں پر بھی ہوا ہے۔ جن میں خواجہ فریدؒ۔ نانک فقیر اور قادر بخش بیدل وغیرہ شامل ہیں۔ نظریاتی طور پر وحدت الوجود کے خیالات کو ان شاعروں نے سچل سرمست کی علامات اور انداز میں بیان کیا ہے۔ اس کے علاوہ بعض مصرعوں کی بھی پوری جھلک اُن کے کلام میں نظر میں نظر آتی ہے۔ صرف خواجہ فریدؒ کے کلام پر سچل سرمست کے کلام کا اثر ملاحظہ ہو۔

سچلؒ۔ آء، چھوڑ ڈکھن کاٹ جائی آہیاں ؛ سورن کاٹ سمائی آہیاں
فریدؒ۔ ڈکھڑیں کارن جائے ہم ؛ سولیں سانگ سمائی ہم
سچلؒ۔ فارغ آہیاں فرض کھاں ؛ سُنّت کے بھی سلام
فریدؒ۔ گزریئے فرض فریضے ؛ سُنّت کو بھی سلام

سچلؒ :۔ نہ کوئی دوزخ نہ کوئی جنت نہ کوئی حور قصور
خواجہ فریدؒ :۔ نہ کوئی آدم نہ کوئی شیطاں۔ بن گئی اے کل کوڑ کہانی

محمد صدیق مسرور ؟

دعا

ننگڑا[1] نمانی دا   رجیوں تیوں جولٹا
میلی ہاں یا مندی ہاں   بیشک تیڈی بندی ہاں
ڈھکیں میڈا ڈھولٹا   میڈے عیب نہ پھولٹا

پیئی ہاں تیڈے ہنارے   لگی ہاں تیڈے لارے
تیڈی ذات ستاری   ڈوہ نہ میڈے گولٹا
نال کوجھی دے جالٹا[2]   اساں کیتے ول آوٹا
یار سچل توں لہن کشالے[3]
گھونگھٹ ایٹا کھولٹا

(صُحر بہاڑی)

[1] عیب پوش ننگڑا کا الف ندائیہ ہے [2] بسر کرنا [3] دکھ درد

نعت

کُل نبیاں دا سرتاج محمدؐ "بحرِ عرفؐ" امواج محمدؐ
"قابَ قوسینؐ اَوْ ادنیٰ" شرف شبِ معراج محمدؐ
اُمّت تیڈی کیوں غم کھاوے جیں دی تیکوں لاج محمدؐ

سچل کوں غم کوئی ناہیں
کیتا لائحتاج محمدؐ

(محمد سچل سرمست)

۱، ۲ فرہنگ ملاحظہ فرمائیں

حُسن و عشق

ڈوہڑے

(۱)

شیر اکھیں تہ زور سوہنے دیاں برچھیاں یا تلواراں
حاکم سخت حکومت والیاں سائیں آپ سنواریاں
مارن ملک دلیں دا یا رو قابض رہن قراریاں
کتلیاں میں بادشاہیاں ڈٹھیاں سچل اتھاں اڈاریاں[1]

۲

شیر اکھیں دے غالب ہوندے اُتّے شیر جنگل دے
شیر اکھیں توں کوئی نہ بچسی آسی وِچ چنگل دے
جھنگ[2] والا تاں مُڑ ویندا، اے کھڑ دا کانڑ قتل دے
مارن باجھوں مشتاقاں دے سچل مول نہ ٹلدے

[1] اڑادیں یعنی گنوادیں [2] جنگل

۳

سوہنا یار خراماں آیا ناز غرور غماز کنوں!!
ٹک کھڑے شہباز تے تنکرے چشماں دے پرواز کنوں!
وحشت جھل نہ سگی بازاں چھپ کھڑے آواز کنوں
عشق دی آیت پڑھی عشاقاں حسن والے ای بیاض کنوں
سچل کوں اے سدھاں پتیاں ساریاں شہر دراز کنوں

۴

نگی روحی صلح کیتی ، ڈیکھ ڈوہیں رل بیٹھے!
وچ دریا محبت والے ڈبکہ سُونہیں را سٹھے
سچل یار، اکھاناں وانگن "میں تونہیں" را بیٹھے

۵

ہک ڈہاڑے مار گھتیو سے یار سوہنے دے لٹکے[۳]
ساہ سریروں ہے کڈھ[۴] نیتا[۵]، چٹ پٹ تنھاں دے جھٹکے
کون ہووے جو فوج حسن کوں آکے اگوں ہٹکے[۶]
سدھ اکھاں کوں سچل اکھاں، چشم جنہاں دی اٹکے

[۱] فرہنگ ملاحظہ فرمائیں [۲] واقف۔ ہمنوا [۳] ناز و ادا
[۴] جسم میں سے [۵] نکال کرلے گیا [۶] منع کرے۔

۶

بانکے نین سجن دے غالب، مار ویندے مشتاقاں
دلیاں لٹ نیون ہک واری، کردے کم قزاقاں
باہاں بدھ کھڑوتے اگوں، صفاں صف عشاقاں!
عشق والیاں دیاں ہردم سچل وچ چھیجن خاکاں

۷

ڈٹھا میں رخسار سوہنے دا خوش خورشیدے خوبی
اکھیاں قاتل تھیون قہاری، مشعل موںہہ محبوبی
عشاقاں کوں آ کرے اسیری، عشق والی اسلوبی
نا مخلوق اکھیجے "سچل" سارا رنگ ربوبی!

۸

چمکن جھلکن جھمکن رخ تے، واہ موتی دے دانے
سا گی صورت حق دی ڈیکھو جے کوئی آن سنجانے
جھلکن جوڑ جبیں تے جادو یار سوہنے کوں بھانے
سچل قدر انھاں دا جاناں یا وت آپ او جانے

۹

چوڈس[1] چنڈ ہے منہ محبوبی، واہ وسیع پیشانی!
ڈیکھن نال حیران رہیوسے، رنگ سارا حقانی
جھلک راہیں دی کون جھلے، جو ہوئی نور نشانی
سچل حسن حسیناں اتوں، جان کیتی قربانی

[1] چودھویں کا چاند

۱۰

لعل یاقوتاں کوں شرماوے نرم لباس دی لالی
سُرخی سوہنے واہ جو لائی، لوڑ جھئے منصب عالی
لالے داغ رکھیا دل اُتے، ڈیکھ کے حسن دی چالی
مُرکڑ نال جو محکم کیتس، سچل مست موالی

۱۱

سُرخ لباں ہن لعل رمانی یا یا قوت یمانی
موتی مُونھ اگوں شرمندے ہیرے تھئے حیرانی
جھلک جھلک رخسار سوہنے دا پرتو نور پیشانی
سچل ڈیکھ تجلا منہ دا، ہوئی دل دیوانی

۱۲

وَل وَل وال سو چھلّے چھلّے چھاہیاں جو ڈکھڑا اُیس
سحر جادو[1] شنڈ[2] ڈیکھ اکھاں تے طرحیں طرح پڑھائیس
عشاقاں دیاں کر دلیں دوانیاں، حکماں حکم پھسائیس
بچے سچل عاشق کیویں، حسن دی فوج چڑھائیس

۱۳

چھلّے چھلّے وال سوہنے دے، ناگ بشہر کالے
عاشق باہاں بدھ کھڑوتا ڈیکھ کے صورت والے
طرح کیہی اہو دلبر منہ تے، سخت بلائیں پالے
سچل سائیں چُپ رہ اتھاں ڈیکھ عجائب چالے

۱ جادو ۲ کالا سانپ

۱۴

میندی لا ہتھاں کوں آندا سوہنا بانہہ لڈا کے
جا توے مشتاقاں کوں وت آیا آپ شکھا کے
ڈو ہیں[1] دستاں خون انھاں دے، وچوں سرخ بڑا کے
سبھ کوں آن ڈکھالن لگا ہتھیں ہس الا کے

۱۵

سوہنا ناز غماز سیتی، وہ چال عجائب چلّے
شمس قمر شرمندہ ہوئے، مکھ دے ڈیکھ تجلّے
کون دلیر جو ہووے انھاں، تاب حسن دا جھلّے
وال وٹیل[2] کار یہر[3] کالے، ول ول چھلّے چھلّے
روز ازل توں یار ہتھیں میں پیوم انھاں دے پلّے

۱۶

سوہنا یار ہمیشہ ساڈے نال بھی، کھلدا ہس دا
یک دم دور نہ تھیوے ساتوں وچ اکھیں دے وس دا
بیا کوئی کم نہ جانے ہرگز کھل کھل دلڑی کھس دا
نینہہ نباہ اساں نال ہتھکے، گالھ اہائی ڈسدا

[1] دونوں ہاتھ [2] پر پیچ [3] کالے سانپ

http://www.muftbooks.blogspot.com/

۱۷

عشق لگا گھر وسر گیوسے، مطلب سُدھ تھیوسے
حاصل تھیوسے سارا جو کجھ لیٹے آپ منگیوسے
سود زیاں توں میاں سچل ہݨ تاں چھُٹ پیوسے

۱۸

سوہݨے دیاں وت سوہݨیاں گالھیں، یاد جڈاں میکوں آندیاں
رو رو حال ونجاواں سارا، درد بھی دل کوں لاندیاں
سچل باجھ لڈ جو آندا، آہے گھڑیاں میکوں بھاندیاں

۱۹

ڈیکھ کے حسن سوہݨے دا زاہد پڑھدا "حسبی حسبی"[1]
ڈُھڈھس زمیں تے دم وچ ہتھ کن، ساوی ساوی تسبی
سچل کھڑدا آکھ بیح والا کول نہ ہہندا کیبی

۲۰

جے تائیں جیویں نال سوہݨے دے دل دل عشق لیچے
نیہڑا عمر نباہیں ساری، قابو تے پیچ — پیچے
طعنہ تہمت، ٹوک لوکاں دی، چشماں چم جھنجے!
سمھݨ جاگݨ وچ سچل نت ادا گالھ گنجے!

[1] فرہنگ ملاحظہ فرمائے

۲۱

سوہݨا سائیں بخش اسانوں، جو کوئی ڈوہ کیتو سے
نام خدا دے عفو کریں، جو تیڈے نینہہ نتو سے
پلو لتاڈا روز ازل توں، دلبر دست لتو سے
اپݨا جاݨ سیجل کوں سوہݨا تیکوں پلو گھتیو سے

۲۲

سوہݨے دے شل[1] باغ حسن کوں کوسا[2] واء نہ لگے
ہݨ دے عاشق اساں بھی تھیسے، عشق لتو سے اگے
صورت سوہݨی ڈیکھݨ نال، تن سیجل دا تگے

[1] خدا کرے
[2] گرم ہوا

کافیاں

کافی

سوہٹے نال اساڈیاں اکھیاں، اڑکن ہو اڑکن!
بار برہ دے دردمنداں تے، چھڑکن ہو چھڑکن!
غمزے یار سجن دے وو، کڑکن ہو کڑکن!
در تیڈے تے عاشق شودے، پھڑکن ہو پھڑکن!
سوز تیڈے توں برہے والے، تھڑکن ہو تھڑکن!
عشاقاں دے سر سولی تے، لڑکن ہو لڑکن!
بھاہیں سجل میڈے دل وچ، بھڑکن ہو بھڑکن!

(سُرجوگ)

کافی

سوہݨا توں بِن حال، ݙکھی ہوشیاں،
نمھیں جیندیاں!
میݙے نال تساں جولائی۔ وسر گیوسے بابل مائی!!
زہر پیالا پیندیاں!
عشق جݙاں بھی سر تے آیا۔ ہو ہو کرکے نیہہ نچایا
ہݨ دیوانی تھیندیاں
مژگاں تیر مریندیاں ٻرچھیاں۔ سینے دے وچ لگدیاں ترچھیاں
ہائے ہُو اکھیندیاں!!
برہ اساں تے بھچیاں لایاں۔ سبھے سہیلیاں مل کر آیاں!
مہنیاں نال مریندیاں
سچل سوز سنبھال ݙتو سے۔ جان تیݙاں قربان کتھے سے
سانگاں نال سلیندیاں

(سُر جوگ)

کافی

آنگن میڈے آویں آویں، دامن بگڑی چھوڑ نہ جاویں
جیہی تیہی تیڈی ہاں میں، چِٹّے[1] نہ ئیں توں چاوِیں[2]
ہو ویں نال ہمیشہ ساڈے، دِلبر دُور نہ جاویں
سچّل ہے سگ در تیڈے دا، پیراہیں ڈُول پاویں

(سُر جوگ)

[1] خیال [2] نکال دینا

کافی

رو رو رہی آن یار۔ ہُݨ ہے مناسب آوݨ تیڈا
روز الستی[لے] سرتے چاتُم۔ برہ تیڈے دا بار
ہجر لتاڑے کاہل کیتا۔ رو واں زار و زار
لُوں لُوں دے وِچ عشق لپیٹیا تن من تیڈی تار
لکھ کروڑاں کتلے آکھاں ماریے حسن ہزار
اکھیاں تیڈیاں گُل گلابی، خُونی عجب خمار
ظاہر نال زبان کریسیاں، الفت دا اقرار
چشماں بحری باز لتاڑیاں، شوق کرن شکار
عاشق کتلے قتل جو کیتے، صورت دے سینگار
تیڈے کارن جوڑ پتوسے، گل ہنجوں دا ہار
سُولی تے منصورؒ چڑھایا، چشماں دی چمکار
کیا کراں، جو دِل دا ونجایا، برہے صبر قرار
دِین مذہب گُل دے کولوں، یار سبھیں بیزار

(سُر جوگ)

لے فرہنگ ملاحظہ فرماؤ

کافی

نال اساڈے کیوں لڑیاں۔ فوجاں حسن والے دیاں !!
غمزے رمزے لگدے پیارے۔ حسن تیڈے دے خوب نظارے
کیوں اے دل دوست وسارے۔ اکھیاں کتھاں اڑیاں
مژگاں نیزے تیز تکھیرے۔ ظالم زلفاں کردیاں پھیرے
دلبر تیڈے دل وچ ڈیرے۔ قرب تیڈے وچ کھڑیاں
نظر کرم دی میں ول بھالیں۔ اپنا سمجھ آپ سنبھالیں
مخفیؔ گھیاں تیڈیاں گالیں۔ جان جگر وچ جڑیاں

(سُر پہاڑی)

لہ مخفی

کافی

خُونی میڈے گلے دا ، تیڈیاں اکھیاں دا خنجر
تیڈیاں اکھیں دا خنجر ، خُونی میڈے گلے دا
تک نین کیبراں کوں ۔ مارن مُسافراں کوں
پھٹیا تیئں عاشقاں کوں ۔ دم دم اے دوست دلبر
ابرو ڈُو ہیں کماناں ۔ چاڑھیو نے گوشہ داراں
مژگاں دی ڈیکھ باراں ۔ سینہ سپر سراسر
چشماں دا ڈیکھ افسوں[۱] ۔ پھردے ہزار مجنوں
ہتھے قتل لکھ فلاطوں[۲] ۔ کسری تے کیا سکندر[۳]
نیزے نفیس چلدے ۔ دلدار بے بدل دے
سچل کنوں ازل دے ۔ نیناں دا ہویا نوکر

(سر بلاولی)

۱، ۲، ۳ کیلئے فرہنگ ملاحظہ ہو

کافی

غیر نہ ہرگز رہندا، ڈیکھن نال سجن دے
دلبر باجھوں نال کہیں دے، ٹھاہ نہ ساڈا ٹھہندا
بنھاں نال جو یار الاوے، ساہ نہ ساڈا سہندا
ٹر ٹر ویندا غیراں کولوں، نال ساڈے نئیں بہندا
سچل جالے روز غماں وچ، سوہنا سدھ نہ لہندا

(سُر بلاولی)

کافی

حُسن اساں تے ہِلّاں کیتیاں، کیکوُں آکھاں حالؔ
چِیت دا چولا تیڈے کارݨ، رو رو کیتم لال
دوست لتاڈے در دے باجھوں جیوݨ سب محال
نظر اساکوں کوئی نہ آیا، پیار بنا بیا مال
نال سیجّل دے آن گذاریں، شوق میڈا توں سوال

(سُر بلاولی، برو دتے دھناسری)

کافی

اَساں یتیماں ڈُہوں یار سِگھڑے[1] آونڑ دی کرکائی
ہجر تساڈے کاہل کیتا، برہے چاڑھیا بار
تَیں میں توں کیوں دِل چائی

انگن اساڈے آویں پیارا، رووان زار وزار
میں کِن تھیویں آڈکھ بھائی

راتیں ڈینہاں لگ رہی ہے تن من تیڈی تار
نال میڈے تیں ڈاڈھی لائی

ازل کنوں میں آہس تیڈے پیراں دی بزار
معلوم ہے تیکوں گالھ سبھائی

دَر تیڈے دے بندے بردے بیحد جیہے ہزار
آہا ہٹ بازاریں وائی!!

(سُر بلاولی)

[1] جلدی

کافی

دوست دیوانی کیتی، دل دی سُنانواں کیڑھی گالھ وے
درد منداں دی دلڑی دلبر نال لگا ہاں نیتی!
پھڑکے چوپڑ چشماں والی، ساری بازی جیتی!
مشتاقاں دی وَت، دلبر سائیں رت دلیں دی پیتی
اپنی الفت ساجن سائیں نال سچل دے سیتی

(سُر بروو)

کافی

نال ݙاڈھے دے یاری، بگڑی روز ازل توں
پاہاں بدھ کے پیش پوواں میں، نال سائیاں دے زاری
علم عقل تے شرم حیا توں، عشق کیتی بے زاری!
اپݨی مرضی نال اساں خود، برہ چتوسے یاری
آنگݨ اساڈے نال کرم دے، آتوں یار ہک واری
عشق تیڈے دی دل میڈے تے، اصل کنوں مختاری
تیکوں ہے معلوم، اے پیارا، گالھ سمجھ دی ساری

(سُر بروو)

کافی

کوئی نہیں آندا یار دے یاروں، خاصا[1] خاطی سگھڑ اساتھی
لکھاں وچوں لوڑ سجن دی، جاتی خوب سنجاتی
سنجاتی میں ہُن جاتی
نال بلھا کے دوست دُلارا، دِل وِچ پاتی جھاتی
جھاتی دل وِچ پاتی
نال اساڈے روز ازل توں راول رمز ہے لاتی
لاتی، دِل وِچ پھاتھی
پی سبھ گالھ وِسر گیو سے، عشق لکھدی ہے چھاتی
چھاتی ہر دن راتی
ڈُوہ ثواباں، زُہد ریاتوں، دِل ہے سچّل چاتی
جاتی، ہو گیا ذاتی[2]

(سر بروو)

[1] معتبر نامہ بر [2] وحدت الوجودی

کافی

آندا جاندا یار، وے، وِیڑھے دے وِچ یار اساڈے
مارن کاٹ اساڈے رَیتُش صورت داشیگار، وے
بُو عطر دی مست کیتا وت، کوچہ شہر بازار، وے
وِچ وِصال فراق گھدو[1]سے، سِچل کیا اسرار، وے

(سُر دھناسری)

[1] ہم نے لیا

کافی

جتھاں جانی پھیرا پایا ۔ وہ وا، کی رنگ لایا، وے
جانی کیویں آندا جاندا ۔ ول وُلا کے رمزاں لاندا
بدھ شمشیر کمر من بھاندا ۔ خنجر سیس کٹا یا، وے
عشقے دا کیا یار بہانہ ۔ ہر یک نوں بھروا لیس جانا
ڈے علاج خودی دا فانا ۔ سُولی پکڑ چڑھایا، وے
جانی ناز حسن دے جُھڑدے ۔ رکھ کے تُور عجائب تُردے
ہٹکیں[1] ہوڑیں مول نہ مُڑدے ۔ کون پھرا دے رایا وے
پیچل جوئی ہن دے ہیوسے ۔ سوسبھ آکے پڑے پیوسے
نُو نُو بار خوشی دی تھیوسے ۔ کرم سائیاں فرمایا، وے

(سُر آسا)

[1] منع کرنے سے

کافی

توں بن جالݨ آیاں، ڈُکھ دیاں راتیں نیئں لنگھدیاں
دُھوݨیاں پا کے تیڈے در تے، انگ بھبھوت رمایاں
جوگی ہو کے جوگ کماواں گل وچ الفی پایاں
دیس اساڈے سوہݨا سائیں، آ کر جوڑیں جایاں
ساری عمر میں کھڑ کے کماساں، بندی ہو کے سایاں
ہجر فراق ہے کاہل کیتا، کر وصال دیاں وایاں
برہ تیڈے دیاں "سرسچل" دے چھٹکن لکھ ہوایاں

(سُر آسا)

کافی

نیناں والی نوک اساکوں ، ساکوں لایو یار
ڈیکھݨ نال حیران رہی ہیں ، اکھیاں دا اسرار
محض انھاں منصور مرایا ، خونیاں نال خمار
ڈِٹھڑو ئی کیا عالم دے وچ عاشق تھی اظہار
کئی دانا دیوانے کیتے ، چشماں دے چمکار
رُخ تے زلفاں لٹکن لمکن ، خون کرن خمدار
کالے وال کار یہر وانگے چارے کھتے چودھار
مُنہ ڈِٹھم مہتاب بچل دا ، کیتم حج ہزار

(سُر بھیروی)

کافی

ہمیشہ میں کتیں ہووِیں — نہ پیارا دُور تو جاویں!
اَللہ لگ حال سُݨ میڈا — انگݨ وَل پھیڑا پاویں!
تُساں باجھوں اداسی میں — پھراں سک وِچ سیاسی میں
ازل کونوں ہاں پیاسی میں — سگھا ول کر وطن آویں
برہ تیڈے دی بدنامی — بھرایم عشق دی ہامی!
کڈاں عاشق نہ آرامی — اساں تے چھاں مثل چھاویں!
سجݨ تیکوں سنبھاراں میں — نہ کوئی دم وساراں میں
سدا راہاں نہاراں میں — اساں توں چت متاں چاویں
اساں تے رہ سجݨ راضی — نہ کرایڈی توں بے نیازی!
سدا در تیڈے ہے آزی — نبھاوݨ دا توں نینہہ لاویں!
تیڈیاں ہن جابجا جاہیں — سبا ڄھا توں سجݨ سائیں!
اتھاں کیا رنگ کرداہیں — سدا عُشاق کوں بھاویں!
بلاشک رنگ تیں لایا — ہے دل وِچ جوش جاگایا!
دلاسا آپ فرمایا — سچل گݨ یار دا گاویں!

(سہر جھنگلو)

۱؎ دیکھوں ۲؎ مہربان

کافی

بغیر عشق دے ڈُوجھا کوئی کمال نہیں
نہیں جو عشق تے اے دوست تیڈا حال نہیں

سجݨ دے در تے شب و روز دھواں پا رہندے
نہ ایڈے اوڈے بھیتوں عاشق ایک جا رہندے
اُنھاں دے عشق دا تیکوں کوئی خیال نہیں

اُنھاں دا حال وچھوڑے صفا ونجا چھوڑیا!
اُنھاں نے بار برہ دا ہے سر تے چا چھوڑیا
بغیر درد، محبت دا کوئی مآل نہیں

او ہائے ہائے کرے راہ تے وتا رووے
زمانے وِچ نہ جیوݨ جیہا، سکھ نہیں سووے
اہیں غریب کوں حاصل کڈاں وصال نہیں

سجݨ دے دستوں جو عاشق غریب قتل تھیا
اہوئی مرد بݨیا عشق والے مقصد دا
قسم سجݨ دی، آہیں تے کوئی وبال نہیں

سجݨ کوں جیں بھی ݙٹھا تھی گیا او دیوانہ
رہیا نہ ہوش اُہیں کوں تھیا او مستانہ
سجݨ دے حُسن دی ݙُو جھی کوئی مثال نہیں

کرم کرکے سجݨ گھر اساݙے آ سائیں
سچل غریب کنوں چِت کڈاں نہ چا سائیں
اہیں جدائی جیہا کوئی بیا زوال نہیں

(سُر جھنگلو)

کافی

لوک کنوں لج مول نہ آوے، عشق گھمایاں گھٹیاں
عشق گھمایاں گھٹیاں، لوک کنوں لج مول نہ آوے
طعنے تنکے تنہاں دی زینت مول نہ تھیون کٹیاں
سو سو سٹڈیاں، زخمی ہوندیاں، لک لک بدھ دیاں پٹیاں
بھر بھر ڈیندا دوست انھاں کوں، ورہ وچالوں وٹیاں
او درماندیاں نت کرلاندیاں، سوز فراق دیاں سٹیاں
چھوڑ گھراں کوں گھمدیاں وتیاں، دشت جبل تے پٹیاں
پیتیاں جنہاں ہاں، خبر انہاں ہاں، ہور نہ جانن جٹیاں!
برسر آیا برہ جنھاں تے ورہ ولوڑن مٹیاں
پاند اڑا کے خلق کھلا کے، ہو کے ڈلون ٹٹیاں
عشق عذاب جنھاں دے گل وچ، بیاں سبھ گالھیں گھٹیاں
سچل او کیا سکھ سنبھالین جیڑھیاں ہجر دیاں پھٹیاں

(سرلوڑی)

ص۱ شرم ص۲ گلیاں گھومائیں ص۳ علیحدگی

کافی

یار باجھوں نہ مردی جیندی ۔ ساتھی کانی گا لھ سنائیں

پوتھی راتیاں ڈیہناں پٹاواں ۔ کنوں فقیراں فال گھتاواں
دوست کیتے بہہ ورہ وسائیں
عشق توں ہلاں کیڈیاں لائیں ۔ بیلے والیاں ڈھونڈاں جائیں
ناں اللہ دے دوست ملائیں
طرف معشوقاں تھیواں راہی ۔ حال ساڈے دی کریں اگاہی
مہرپووی من توں نہ بھلائیں
یا آتھاہیں مار یاسنانا ۔ دیس سجن تھیا ساتھی روانہ
طرفوں اساڈے بدھیں باہیں
دوست اساڈا تھیا پردیسی ۔ امید ہے ساکوں نال جو نیسی
اوڈا تھیسی، پرے نہ سائیں
سوہنا سائیں مکھڑا ڈکھالیں ۔ قول جو کیتو اہو پالیں
ورق وچھوڑے دا والی ولائیں
ساتھی میڈا حال اہو ئی ۔ آندا نیں اوڈوں قاصد کوئی
سوال سچو دا آکھ روائیں!

(سُر جھولنو تے بھیروی)

کافی

دیس تیڈے ہے قسمت آندی ـــ شالا جیویں، جان ہے جاندی
تیڈے باجھوں میں بہوں ماندی ـــ کوئی دم نیئں ورہ توں واندی
تھیواں میں تیڈے نال ہیکاندی
سوز تساڈے ماریاں ساگاں ـــ راتیں ڈینہاں تیڈیاں تانگھاں
روندی رڑدی نت کر لاندی
ہجر تساڈے کاہل کیتا ـــ زہر پیالا میں بھر پیتا
تئیں بن کائی شے نیئں بھاندی
طرف تساڈے کانگ اڈاواں ـــ آون کیتے فالاں پاواں
کیوں اجاں تیڈی خبر نہ آندی
اساں آؤں یا توں آویں ـــ اساں کولوں چت نہ چاویں
در تیڈے دی بے وس باندی
تیں کن گھلیاں ٹھڈیاں وائیں ـــ بیاں سبھ گالھیں دوست بھلائیں
یاد تیڈی میکوں نت تڑ پھاندی
یچو تیڈے باجھ آداسی ـــ اصلوں تیڈی بانہہ باسی
سُن میڈا سوہنا دک ہاندی

(سُر جھولنو تے بلاولی)

غزل

چشماں چمک چمک کر، دل تے اثر ہے کیتا ۔ کیا بات ہے اتڑدی، بالکل حشر ہے کیتا
وہ ناز غمزہ سیتی آیا ہے یار میڈا ۔ اے ڈیکھ لاأبالی، زاہد حذر ہے کیتا
ہک ڈینہہ تماشے کیتے، بازار وچ گیا ہا ۔ وچ ہائے ہائے عاشق، سارا شہر ہے کیتا
ابرو دیاں نج کماناں مژگاں دا تیر کاری ۔ وچ عاشقاں دے سینے یکدم گذر ہے کیتا
لکھ میر شاہزادے حیران ڈیکھ ہوندے ۔ ڈیکھ آپنی غریبی سالک[1] صبر ہے کیتا
پاتی جو عشق پھیری، دلڑی لٹی ہے میری ۔ دلدار فتح تیری دل تے گذر ہے کیتا
چشماں دا شور جانی، بیشک توں زور جانی ۔ وہ وا عجب نظارے، ظاہر ضرر ہے کیتا

سچل سجن نرالا چمکار چھیر والا
ہتھ وچ ہے تیغ بھالا، زخمی جگر ہے کیتا

(سُر پہاڑی)

[1] سلوک (تصوف کا مرحلہ) کی منازل طے کرنے والا

ہیر رانجھا

ڈوہڑے

(۱)

عشق دیاں باتیاں سنڑمیں آکھاں، سارے لوک سنڑائیں
عشق دا ماریا کوئی نہ چھٹا، گالھ ساری سمجھائیں
عاشق نام جنہیں دا اوں کوں، پیریں میں پلو وائیں
صدقے صدقے بھیوں تیں توں، جو دم یار رجوائیں
میں بانھی توں میڈا سائیں، صدقے یار ونجائیں

(۲)

یوسف[1] عشق زلیخا[2] دے وِچ آن بازار وِکایا
سیف[3] شاہ بدیع[4] کیتے، وِچ ہلاکت آیا
عشقوں شیخ صنعان سُنڑیا ہیّی، جوڑ جنیا گل پایا
تسبیحاں کھتے، کِتھ مصلّے، عشق ڈِتّس چا ترسلا

[1]، [2]، [3]، [4] فرہنگ ملاحظہ فرمائیں

(۳)

لیلیٰ خاطر مجنوں ہویا، عالم وِچ اُداسی
رانجھو[1] تخت ہزاروں آیا کرکے دیس سنیاسی
باکھیاں داچا باکھاں کیتس، سچل یار دے نیڑے نیتس

(۴)

اَگے عاشق بہوں لنگھیئے، کیتی سر قربانی
ہکے واری سٹ ڈِتو نے، جوش کنوں جسمانی
